# چیئرمین کا پیغام

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، مجھے 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لیے OLP فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔

ملک کو درپیش بے شمار چیلنجز کے باعث گزشتہ سال قابل ذکر رہا۔ سیاسی عدم استحکام، تباہ کن سیلاب، تاریخی بلند افراط زر، اور ادائیگیوں کے توازن کی ناسازگار صورتحال نے ایک چیلنجنگ معاشی ماحول پیدا کرنے میں کردار ادا کیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) نے افراط زر سے نمٹنے کے لیے انتہائی سخت مانیٹری پالیسی اختیار کی، جس سے کاروباری سرگرمیاں مزید متاثر ہوئیں۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مطابق مالی سال 2023 کے لیے اقتصادی شرح نمو منفی 0.5 فیصد تھی، اور مالی سال 2024 کے لیے متوقع شرح نمو 2.5 فیصد ہے۔

موجودہ غیر یقینی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے، OLP نے پورٹ فولیو کے معیار کو برقرار رکھنے پر زیادہ توجہ دی اور اس کے ساتھ ساتھ ایک محتاط کاروباری انداز اپنایا۔ دوران سال 16 بلین روپے کی نئی ادائیگیاں کی گئیں جو کہ گزشتہ سال کی 17.6 بلین روپے کی ادائیگیوں سے 9 فیصد کم تھی۔ 30 جون 2022 تک کمپنی کے کل اثاثے 29.7 بلین روپے کے مقابلے میں 7 فیصد بڑھ کر 32 بلین روپے تک پہنچ گئے۔ OLP کی نان پرفارمنگ پورٹ فولیو کی شرح گزشتہ سال کی 4.5 فیصد سے کم ہو کر 2.7 فیصد ہو گئی۔ پورٹ فولیو کے موثر انتظام اور زائد المیعاد صارفین کے خلاف ریکوری کی مضبوط کوششوں نے نان پرفارمنگ پورٹ فولیو میں کمی میں اہم کردار ادا کیا۔

اس مشکل صورتحال میں، کمپنی کی مجموعی کارکردگی قابل ستائش رہی کیونکہ اس سال سب سے زیادہ قبل از ٹیکس منافع کمایا گیا۔ OLP نے مالی سال 2023 کیلئے 2,029 ملین روپے روپے کا قبل از ٹیکس منافع حاصل کیا جو کہ گذشتہ سال 2022 کے قبل از ٹیکس منافع 1,376 ملین روپے سے 47 فیصد زیادہ تھا۔ بعد از ٹیکس منافع 1,210 ملین روپے رہا جو کہ گذشتہ سال 2022 کے بعد از ٹیکس منافع 882 ملین روپے سے 37 فیصد زیادہ تھا۔ حکومت کی جانب سے جون 2023 میں اعلان کردہ بجٹ میں سپر ٹیکس کی شرح میں اضافہ کر کے 10 فیصد کر دیا گیا۔ جو گزشتہ سال 4 فیصد تھا۔ یہ 29 فیصد عام ٹیکس کی شرح کے علاوہ ہے۔ نتیجتاً، سال کیلئے ٹیکس چارج 818 ملین روپے تھا جو کہ گذشتہ سال (مالی سال 2022: 494.5 ملین روپے) سے 66 فیصد زیادہ ہے۔

OLP کے اچھے نتائج کا سہرا ایک مضبوط رسک مینجمنٹ فریم ورک کو جاتا ہے۔ بورڈ کی رہنمائی کے ساتھ، انتظامیہ نے مشکل معاشی حالات کے باوجود قابل ستائش کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ بورڈ کی ذیلی کمیٹیوں نے بھی آپریشنل کارکردگی کو اچھا رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ہمارے ملازمین ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ رہے، اور سال بھر میں ان کی کارکردگی کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی محنت اور لگن کمپنی کی کامیابی کے لیے اہم ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے کمپنی کو مدد اور رہنمائی فراہم کی اور سال کے دوران ریگولیٹرز کی مسلسل رہنمائی اور تعاون کا بھی شکر گزار رہوں۔